دعوت اسلامی

درسی کتاب

پیاری اُردو

پہلی جماعت کے لیے

Dar-ul-Madinah

پہلی جماعت کے لیے

پیاری اُردو

نام _____

ولدیت _____ فون _____

جماعت _____ سیکشن _____

ایڈمیشن آئی۔ڈی _____ جی۔آر نمبر _____ رول نمبر _____

اسکول _____

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

پبلشر

دارالمدینہ پبلی کیشنز

پہلی اشاعت ۲۰۱۷

ISBN 978-969-691-015-2

تیاری و پیش کش

شعبۂ نصاب، دارالمدینہ

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

ہم ان ممالک میں موجود ہیں:

پاکستان ● بھارت ● سری لنکا ● برطانیہ ● ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "پیاری اُردو (پہلی جماعت کے لیے)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب و رسائل کی جانب سے نظرِ ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — مجلس — تفتیشِ کتب و رسائل — دارالمدینہ عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی

تاریخ: ۳ فروری ۲۰۱۷

مجلس تفتیشِ کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)

ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

Dar-ul-Madinah Educational Support Fund

Title of Account : Darul Madina Educational Support Fund
Account No. : 0112-0891-010-1515-9
Bank : UBL Ameen
Branch : Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi
Branch Code : 0891
Swift Code : UNILPKKA
IBAN Code : PK97UNIL0112089101015159

For Sadqaat-e-Nafila

Title of Account : DAWATEISLAMI
Account No. : 0388841531000263
Bank : MCB Bank Limited
Branch : Cloth Market Branch, Karachi
Branch Code : 0063
Swift Code : MUCBPKKA
IBAN Code : PK20MUCB0388841531000263

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔

www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

پیش لفظ

ہر زبان نہ صرف اپنے بولنے والوں کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہوتی ہے بلکہ وہ اپنے اندر ایک تہذیب بھی رکھتی ہے۔ یوں ہر زبان دو بنیادی مقاصد کی حامل ہوتی ہے۔ پہلا مقصد اپنے بولنے والوں کو جوڑنا اور دوسرا اپنی تہذیبی اقدار کو اُن میں منتقل کرنا۔ دارالمدینہ پبلی کیشنز کے تحت ابتدائی جماعتوں کے لیے اُردو کی درسی کتب کی سیریز "پیاری اُردو" اِنھی مقاصد کے پیشِ نظر تیار کی گئی ہے۔

درسی کتب کے اِس سلسلے میں زبان سکھانے کے لیے ایک تدریجی عمل کے تحت طلبہ کو سادہ جملوں سے پیچیدہ جملوں، سادہ لکھائی سے تخلیقی لکھائی، واحد جمع اور مذکر مؤنث سے الفاظ متضاد اور الفاظ مترادف کی جانب لے جایا گیا ہے۔ اِسی طرح بنیادی ذخیرہ الفاظ اور 'روزمرہ' کے بعد محاورات اور کہاوتوں کی سلسلہ وار تدریس بھی اس سیریز کا حصہ ہے۔

پری پرائمری درجے کے اختتام پر چونکہ طلبہ ابھی روانی سے پڑھنے پر قادر نہیں ہوتے، اس لیے پہلی جماعت کے لیے تیار کی گئی اِس کتاب میں حروفِ تہجی اور الفاظ سازی کی دہرائی کے ساتھ ساتھ سادہ جملوں پر مبنی اسباق بھی دیے گئے ہیں۔ اس طرح مدنی منے اور مدنی مُنیاں اب ایک قدم آگے بڑھتے ہوئے مختلف موضوعات پر مبنی اسباق کو پڑھنا سیکھیں گے۔ یوں نہ صرف اُن کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ اور پڑھنے میں روانی پیدا ہوگی بلکہ اُن تہذیبی اقدار کی منتقلی کا عمل بھی شروع ہو جائے گا جن سے اُردو ادب کا دامن مالا مال ہے۔

دارالمدینہ پبلی کیشنز کی مطبوعات کا ایک خاص حسن اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے حبیبِ پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمات کا فروغ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اِس سوچ کا عکس اُردو کی اِس سیریز میں بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ موجود ہے۔ اِس سیریز میں مختلف کہانیوں، حکایات، مضامین، اقوالِ زرّیں اور دعاؤں کے ذریعے طلبہ کو اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے بندوں کے حقوق کے بارے میں آگہی دی گئی ہے۔ ان ضروری تعلیمات کے ساتھ ساتھ قومی نصاب کی روشنی میں ماحولیات، سائنس اور شہری آداب پر مبنی اسباق بھی سیریز میں شامل کیے گئے ہیں تاکہ طلبہ معاشرے کے مفید شہری بن سکیں۔

حسنِ نیّت سے کی جانے والی اِس کوشش کے باوجود اغلاط سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جاسکتا۔ والدین، اساتذہ کرام اور عام قارئین سے گذارش ہے کہ کتاب کے بارے میں مفید مشوروں سے نوازیں تاکہ اگلے ایڈیشن کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے صدقے ہماری اِس کاوش کو قبول فرمائے، آمین۔

شعبۂ اردو
دارالمدینہ شعبۂ نصاب (دعوتِ اسلامی)

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
۱	حمد	۱
۲	اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے	۷
۳	چڑیا اور جگنو	۱۴
۴	بارش	۲۰
۵	نعت	۲۸
۶	عظیم بچّہ	۳۲
۷	اسلم کا گاؤں	۳۹
۸	پیارا پاکستان	۴۴
۹	مکّھی (نظم)	۵۲
۱۰	ہمارے دانت	۵۷
۱۱	پریشان گدھا	۶۴
۱۲	بی فاختہ	۷۱
۱۳	ماں (نظم)	۷۹
۱۴	اللہ عَزَّوَجَلَّ کی یاد	۸۳
۱۵	مکوڑا (تصویری کہانی)	۸۹
۱۶	دُعا	۹۶

حمد

اللہ اللہ اللہ اللہ — میرے مالک میرے اللہ
پیارا پیارا نام ہے تیرا — کیسا اچّھا کام ہے تیرا
تُو نے بنائی دُنیا ساری — اِنساں، حیواں، مِٹّی ، پانی
پُھول کھلائے پیارے پیارے — اور بنائے چاند ستارے
بخشے ہم کو امّاں ابّا — گھر بھی دِیا ہے اچّھا اچّھا
میٹھا میٹھا دُودھ پِلایا — پڑھنا لکھنا خوب سکھایا
کیسا اچّھا کام ہے تیرا — کتنا پیارا نام ہے تیرا
اللہ اللہ اللہ اللہ — میرے مالک میرے اللہ

کام کی بات تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے ہیں۔

مُشکل الفاظ اور اُن کے معانی۔

الفاظ	معانی
حیواں	جانور
بخشے	دیے
خُوب	اچھّی طرح
مالِک	حاکِم۔ خُدا

رہنمائے اساتذہ

① مدنی منّوں/مدنی منّیوں کو بتائیے کہ ایسی نظم جس میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تعریف بیان کی گئی ہو، اُسے 'حمد' کہتے ہیں۔

② مدنی منّوں/مدنی منّیوں کو حمد زبانی یاد کروائیے۔

③ مشق (ب) میں مکمل الفاظ کے ساتھ قوسین میں دیے گئے الفاظ صرف تفہیم کے لیے ہیں، کاپی میں صرف مکمل لفظ لکھوائیے۔

Dar-ul-Madinah

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے زمین کو پیدا کیا۔

سُورج کو پیدا کیا۔

چاند، ستاروں کو پیدا کیا۔

ہوا، پانی اور موسموں کو پیدا کیا۔

دریاؤں اور سمُندروں کو پیدا کیا۔

پہاڑوں اور میدانوں کو پیدا کیا۔

اِن سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے لیے پیدا کیا۔

لیکن مُجھے کس لیے پیدا کیا؟

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مُجھے صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا۔

اس لیے میری تمام عبادتیں اور اچھّے کام صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے ہیں۔

Dar-ul-Madinah

چڑیا اور جُگنُو

صُبح ہوئی۔ چڑیا چُوں چُوں کرتی گھر سے نکلی۔ اُسے بھُوک لگ رہی تھی۔ وہ پُھر سے اُڑی اور کھانے کی تلاش میں نِکل گئی۔

سارا دِن کھانے پینے میں گُزر گیا۔

شام ہوئی تو چڑیا ایک پیڑ پر جا بیٹھی۔ سُورج ڈُوب چکا تھا۔ ہر طرف اندھیرا تھا۔ چڑیا نے سوچا، اب میں گھر کیسے جاؤں گی۔ وہ اُداس ہو گئی۔

اِتنے میں ایک جُگنُو اُدھر سے گزرا۔ اُس نے چڑیا سے پُوچھا، ''بی چڑیا! اُداس کیوں بیٹھی ہو؟''۔

چڑیا بولی، ''بھیّا! ہر طرف اندھیرا ہے۔ سوچ رہی ہُوں گھر کیسے پہنچوں گی''۔

جُگنُو بولا، ''بی چڑیا اُداس کیوں ہوتی ہو۔ میرے ساتھ چلو۔ میں تُمھیں راستہ دکھاؤں گا''۔

یہ کہہ کر جُگنُو اُڑا۔ راستے میں روشنی ہو گئی۔ چڑیا جُگنُو کے پیچھے پیچھے چلی۔ تھوڑی دیر میں چڑیا کا گھر آ گیا۔

چڑیا بہت خُوش ہوئی۔ اُس نے جُگنُو سے کہا، ''بھیّا تُم بہت اچّھے ہو۔''

جُگنُو ہنس پڑا اور چمکتا ہوا آگے چلا گیا۔

سچ ہے، اچّھے لوگ دُوسروں کے کام آتے ہیں۔

کام کی بات مُصیبت کے وقت ایک دُوسرے کے کام آنا چاہیے۔

رہنمائے اساتذہ

۱. مدنی منّوں/مدنی منّیوں کو جُگنُو اور اس کی رات کو روشن ہونے کی صفت کے بارے میں بتائیے۔
۲. مدنی منّوں/مدنی منّیوں کے اندر ہمدردی کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے اُنھیں اس موضُوع پر چند اخلاقی کہانیاں سنائیے۔
۳. مختلف سوالات کے ذریعے مدنی منّوں/مدنی منّیوں سے پوچھیے کہ وہ لوگوں کی مدد کس کس طرح کر سکتے ہیں۔

Dar-ul-Madinah